SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
June 23, 2017
For immediate release

ایس ای سی پی نے فیوچرز ایکس چینجز (لائسنسنگ اینڈ آپریشن) ریگولیشنز 2017 جاری کر دئے

اسلام آباد (جون 23) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے فیوچرز مارکیٹ ایکٹ 2016 کے تحت فیوچرز ایکس چینجز (لائسنسنگ اینڈ آپریشن) ریگولیشن 2017 جاری کر دئے ہیں۔ نئے ریگولیشنز ایس ای سی پی کی ویب سائٹ اور سرکاری گزٹ میں بھی شائع کر دئے گئے ہیں۔ فیوچرز ایکس چینجز کے ضوابط میں ان ایکس چینجوں کے ڈائریکٹرز، شراکت داروں، بورڈ آف ڈائریکٹرز اور سنئیر مینجمنٹ کے لئے اہلیت کا معیار اور دفتری ضابطہ اخلاق کیا گیا ہے۔ ریگولیشنز میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کو ترتیب دینے کے عمل اور ایس ای سی پی کی منظوری سے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور چیف ریگولیٹری آفیسر کی تعیناتی اور دیگر امور کی بھی وضاحت کی گئی ہے۔ نئے ریگولیشنز میں فیوچرز ایکس چینج کی انتظامیہ کے لئے لازمی قرار دیا گیا ہے کہ وہ ایک رسک مینجمنٹ کمیٹی اور ایک چیف رسک آفیسر بھی تعینات کریں۔

نئے ریگولیشنز میں فیوچر ایکس چینج کے لئے ضروری مالیاتی وسائل اور کم از کم اداشدہ سرمائے کی حد پانچ کروڑ روپے مقرر کی گئی ہے تاہم موجودہ فیوچرز ایکس چینجز کے لئے لازمی ہو گا کہ وہ کم از کم اداشدہ سرمائے کی اس مجوزہ حد کو تین سال کے عرصے میں پورا کریں۔